تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June 24, 2024

پریس ریلیز

جامعہ بی ٹیک کے طلبا کے اسٹارٹ اپ کو پروڈکٹ کی تیاری کے لیے اسٹارٹ اپ انڈیا سیڈ فنڈ اسکیم (ایس آئی ایس ایف ایس) کے تحت دس لاکھ روپے کا تعاون

یہ بتاتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ کو فخر محسوس ہو رہا ہے کہ اس کے بی ٹیک کے طلبا؛ عارف جمال نے اہم اسٹارٹ اپ انڈیا سیڈ فنڈ اسکیم (ایس آئی ایس ایف ایس) کے تحت ان کے اسٹارٹ اپ کام یو ویرا موبیلیٹی پرائیوٹ لمیٹڈ کی تیاری کے لیے دس لاکھ روپے کا فنڈ ملا ہے۔ یہ اسٹارپ اپ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے زیر اہتمام چلتا ہے جسے سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینویرشپ (سی آئی ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ چلا رہا ہے۔

جامعہ بی میکانیکل انجینئرنگ کے چوتھے سال کے طالب علم جناب عارف جمال اپنے پروجیکٹ پر مستعدی سے آخری سال سے ایک سال پہلے سے کام کرر ہے تھے۔ وہ مضبوط اور پختہ ارادے کے فرد ہیں جو مختلف علوم وفنون کے ساتھ تصورات کو مربوط کرنے، متنوع ٹیموں کے ساتھ اشتراک اور صنعتوں میں مختلف تصورات کے اطلاق میں برابر بہتر کر رہے ہیں۔ اختراعیت اور متواتر نئی باتوں کی آموزش کے لیے ان کی انتھک کوشش کرنا اور چیلنجز کو حل کرنا ان کی انٹر پرینوشپ سفر کو متعین اور نشان زد کرتا ہے۔

یو ویرا موبیلیٹی ایک انوکھا اسٹارٹ اپ ہے جو جدید ٹکنالوجی کے ساتھ کلین ٹیک اور اگری ٹیک کو انقلاب آشنا کرنے کے لیے پابند عہد ہے۔ یہ کام پائے دار موبیلیٹی حل کو تیار کرنے کے لیے پر عزم ہے جس میں کارکردگی، کام کی انجام دہی کی خوش اسلوبی اور ماحولیاتی ذمہ داریوں پر زور ہے۔

اس اہم کامیابی کو یونیورسٹی بلکہ پوری انٹر پرینوریل برادری سے داد وتحسین مل رہی ہے۔ ابتدا میں یہ معمولی کاروبار تھا اب اس اسٹارٹ اپ نے پروٹوٹائپ کی تیاری میں اہم پیش رفت کی ہے۔ ایس آئی ایس ایف ایس کی طرف سے مالی امداد اختراعیت اور پائے داری کے لیے یو ویرا موبیلیٹی کے عزم کو درست ثابت کرتی ہے۔

'ایس آئی ایس ایف ایس کی جانب سے اس انعام کے ملنے سے ہم بہت خوش ہیں۔ اس فنڈ سے ہمارے پروڈکٹ کی تیاری میں کافی رفتار آئے گی اور لگاتار اختراعی حل تیار کرنے کے ہم اہل ہو سکیں گے جو پائے دار موبیلیٹی کو تحریک دے گا۔ ہم جامعہ کے شکر گزار ہیں اور ہمارے سفر میں سینٹر فار انوویشن جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اہم تائید اور حمایت کے لیے سینٹر کے مشکور ہیں۔ ان

خیالات کا اظہار جناب عارف فاؤنڈر اینڈ سی ای، یو ویرا موبیلیٹی نے کیا۔

سینٹر کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریحان خان سوری نے اسٹارٹ اپ کے پہل کے لیے ستائش کا اظہار کیا۔'ایس آئی ایس ایف ایس کے امداد کا حصول یو ویرا موبیلیٹی کی کامیابی کا ثبوت ہے اور جامعہ میں جو انٹر پرینوریل فضا ہے اس کا بھی اشاریہ ہے۔ہمیں عارف جمال اور ان کی ٹیم کے جذبے اور وژن پر فخر ہے۔سی آئی ای جامعہ ملیہ اسلامیہ اس طرح کے وینچرز کو مدد بہم پہنچانے کے لیے پابند عہد یہ اور اس کی مزید کامیابیاں اور حصولیابیاں دیکھنے کے منتظر ہیں۔

یو ویرا موبیلیٹی کے ساتھ انسلاک پر جامعہ کو بے حد فخر ہے اپنے طلبا کی غیر معمولی انٹر پرینورل جذبے کا اعتراف کرتے ہوئے بھی خوشی کا احساس ہو رہا ہے۔اس سے طلبا کی سربراہی والے وینچرز کی مدد کرنا اور اختراعیت کو فروغ دینے کے سلسلے میں جامعہ کے عہد کا اندازہ ہوتا ہے۔کیوں کہ یو ویرا موبیلیٹی اپنے نئے دور کے سفر پر روانہ ہے جامعہ ملیہ اسلامیہ اس وینچر کے منتظمین کو مبارک باد کے ساتھ اپنی بھر پور حمایت اور تعاون کا اظہار کرتی ہے۔جامعہ میں انٹر پرینورل جذبے اور صلاحیت کے فروغ کا یہ واضح ثبوت ہے،اس سے اپنے طلبا کی انٹر پرینورل مساعی اور اختراعیت کو فروغ دینے کے تئیں جامعہ کے عہد کا اظہار ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی